رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵ ٹیلیفون نمبر ۹۱

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

اللہ اکبر

ایڈیٹر غلام نبی

تار کا پتہ الفضل قادیان

شرح چندہ پیشگی
سالانہ عہ
ششماہی ۸ عہ
سہ ماہی ۴ ۱۲

روزنامہ

الفضل قادیان

THE DAILY

ALFAZL, QADIAN.

قیمت پیشگی بیرون ہند ۱۸

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلد ۲۵ | ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ | یوم سہ شنبہ | مطابق ۳۰ نومبر ۱۹۳۷ء | نمبر ۲۷۹

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۸۔ نومبر۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے متعلق آج سات بجے شام کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ حضور کو نزلہ و سردرد کی تکلیف ہے۔ احباب صحت کے لئے دعا کریں ؛

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت خدا کے فضل سے اچھی ہے ؛

نظارت تعلیم و تربیت نے مقامی صحابۂ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق اعلان کیا ہے۔ کہ وہ اپنا نام مکمل پتہ سابق و حال اور سنہ زیارت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام لکھیں۔ نیز حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق جو حالات معلوم ہوں۔ وہ لکھ کر دفتر تالیف و تصنیف میں دے دیں ؛

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

کوشش کرو کہ آسمان پر تمہارے نام لکھے جائیں

"اگر کوئی شخص اس غرض کے لئے چندہ دیتا ہے۔ یا ہماری ضروریات میں شریک ہوتا ہے۔ کہ اس کا نام شائع کیا جائے۔ تو یقیناً سمجھو۔ کہ وہ دنیا کی شہرت۔ اور نام و نمود کا خواہشمند ہے۔ لیکن جو محض اللہ تعالےٰ کے لئے اس راہ میں قدم رکھتا ہے۔ اور خدمت دین کے لئے کمربستہ ہوتا ہے۔ اس کو اس بات کی کچھ بھی پروا نہیں ہوتی۔ دنیا کے نام کچھ حقیقت اور اثر اپنے اندر نہیں رکھتے۔ نام وہی بہتر ہوتے ہیں۔ جو آسمان پر لکھے جائیں۔ کاغذات کا کیا اثر ہے۔ ایک دن ہوتے ہیں۔ اور ایک وقت ضائع ہو جاتے ہیں۔ لیکن جو کچھ آسمان پر لکھا جاتا ہے۔ وہ کبھی محو نہیں ہو سکتا۔ اس کا اثر ابد الآباد کے لئے ہوتا ہے"

(الحکم ۳۱۔ جولائی و ۱۰۔ اگست ۱۹۰۴ء)

خدا تعالےٰ کی گرفت خطرناک ہوتی ہے

"خدا تعالےٰ کی عظمت کو دل میں رکھنا چاہیئے۔ اور اس سے ہمیشہ ڈرنا چاہیئے۔ اس کی گرفت خطرناک ہوتی ہے۔ وہ چشم پوشی کرتا ہے اور درگزر فرماتا ہے۔ لیکن جب کسی کو پکڑتا ہے تو پھر بہت سخت پکڑتا ہے۔ یہانتک کہ لایخاف عقباھا۔ پھر وہ اس امر کی بھی پروا نہیں کرتا۔ کہ اس کے پچھلوں کا کیا حال ہوگا۔ برخلاف اس کے جو لوگ اللہ تعالےٰ سے ڈرتے۔ اور اس کی عظمت کو دل میں جگہ دیتے ہیں خدا تعالےٰ ان کو عزت دیتا۔ اور خود ان کے لئے ایک سپر ہو جاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے۔ من کان للّٰہ کان اللّٰہ لہٗ یعنی جو شخص اللہ تعالےٰ کے لئے ہو جائے۔ اللہ تعالےٰ اس کا ہو جاتا ہے"

(الحکم ۱۷۔ جون ۱۹۰۶ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت احمدیہ کا سالانہ جلسہ

۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر کو منعقد ہوگا

جماعت احمدیہ کا سالانہ جلسہ جسکا پروگرام عنقریب شائع ہوگا۔ امسال انشاءاللہ ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر کو منعقد ہوگا۔ جس میں بزرگانِ سلسلہ اور مبلغین جماعت کی حاضر الوقت مسائل پر نہایت اہم تقاریر کے علاوہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بھی تقریر فرمائیں گے اس جلسہ میں جس کی بنیاد حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنے مقدس ہاتھوں سے رکھی شامل ہونا نہ صرف ہر احمدی کے ازدیاد ایمان و معلومات کے لئے ضروری ہے۔ بلکہ جلسہ سالانہ کے ایام کی برکات اور قادیان کے فیوض حاصل کرنے اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے ارشادات سے آگاہ ہونے کے لئے بھی بہت ضروری ہے۔ پس جماعت احمدیہ کے تمام افراد کو ابھی سے جلسہ سالانہ میں شامل ہونے کے لئے تیاری شروع کر دینی چاہیئے۔ اور اپنے ساتھ شریف و معزز متلاشیانِ حق اصحاب کو لانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ ناظر دعوۃ و تبلیغ قادیان

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

۲۷ نومبر ۱۹۳۷ء تک بیعت کرنیوالوں کے نام

ذیل کے اصحاب بذریعہ خطوط حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخلِ احمدیت ہوئے :-

۱۵۲۳	مولوی عزیز الرحمٰن صاحب	ضلع لاہور
۱۵۲۴	میاں مندی خان صاحب	ریاست پونچھ
۱۵۲۵	فضل محمد صاحب	"
۱۵۲۶	محمد شریف صاحب	ڈیرہ دون
۱۵۲۷	محمد حیات صاحب	ضلع گجرات
۱۵۲۸	سلطان احمد صاحب	ضلع جہلم
۱۵۲۹	غلام محمد صاحب	ضلع ڈیرہ غازیخان
۱۵۳۰	لیاقت حسین خان صاحب	ضلع شاہ پور

مولوی محمد علی صاحب کا ملاقات کرنے سے انکار

کل ۲۷ نومبر مجھے بعض احباب کی بیعت میں احمدیہ بلڈنگس لاہور جانے کا اتفاق ہوا میں نے چاہا کہ غیر مبایعین کے موجودہ حالات اور ان کے جماعت احمدیہ کے متعلق رویہ کے سلسلہ میں جناب مولوی محمد علی صاحب سے ایک مفصل انٹرویو حاصل کروں۔ اس کے لئے میں نے مولوی صاحب کی خدمت میں مندرجہ ذیل تحریری درخواست بھیجی۔ "میں آج آپ سے حالات حاضرہ کے متعلق انٹرویو لینے کے لئے حاضر ہوا ہوں جناب وقت کی تعیین فرمائیں۔ اور اگر خدانخواستہ میری یہ آرزو پوری نہ ہو سکے۔ تو کم از کم محض ملاقات کا موقعہ ضرور عنائت فرمائیں" یہ درخواست لیکر سید محمد امین صاحب مبلغ غیر مبایعین گئے۔ لیکن زبانی جواب لائے کہ جناب مولوی صاحب فرماتے ہیں۔ میں کاپیاں پڑھ رہا ہوں۔ میں نے کہا کیا ملاقات بھی نہیں ہو سکتی۔ سید صاحب نے کہا مولوی صاحب نے آپ کا رقعہ پڑھ کر یہی جواب دیا ہے۔ جناب مولوی محمد علی صاحب کا یہ جواب نہایت مایوس کن تھا۔ نہ صرف ہمیں بلکہ اس جواب کو سننے والے غیر مبایعین کو بھی حیرت ہوئی۔ کہ مولوی صاحب کا یہ جواب کس حد تک موزوں اور مناسب ہے میں تسلیم کئے لیتا ہوں۔ کہ مولوی صاحب کسی کتاب کی کاپیاں پڑھ رہے ہونگے۔ اور انکو پڑھنی چاہئیں کیونکہ کتابوں کے منافع میں عموماً انکا حصہ مقرر ہوتا ہے لیکن سوال تو یہ ہے۔ کہ کیا وہ تھوڑی دیر کے لئے کاپیاں پڑھنا بند نہ کر سکتے تھے یا کوئی اور وقت انٹرویو کے لئے مقرر نہ کر سکتے تھے اور اگر بہر حال انٹرویو دینے سے انہیں انکار تھا تو کم از کم ملاقات کا موقعہ تو دیدیتے۔ پھر میں نے شیخ انعام الحق صاحب ایڈیٹر پیغام صلح سے کہا۔ کہ کیا آپ انٹرویو دینے کے لئے آمادہ ہیں۔ انہوں نے یہ حیلہ تراشا کہ چونکہ آپکے پاس کسی اخبار کی تحریری سند نہیں لہذا میں انٹرویو نہیں دے سکتا۔ میں نے کہا ؎

تحریک جدید کے دورِ ثانی کے متعلق

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کا اعلان

جماعت احمدیہ میں یہ خبر نہایت خوشی اور مسرت کے ساتھ سنی جائے گی۔ کہ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ نے خطبہ جمعہ ۲۶ نومبر ۱۹۳۷ء میں تحریک جدید کے دورِ ثانی کا اعلان فرما دیا ہے۔ اور "مالی حصہ" کے مطالبہ کی تشریح فرما دی ہے۔ یہ خطبہ عنقریب چھپکر شائع ہو جائیگا۔ مخلصین کو مالی قربانی میں نہایت خوشی کے ساتھ حصہ لینے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ اور حضور کا ارشاد پڑھتے ہی لبیک کہنی چاہیئے۔ تا سابقون الاولون کا ثواب حاصل ہو۔

احباب کرام سے ضروری گزارش

حتی الوسع قیمت کی ادائیگی جلسہ پر ملتوی نہ کریں

گذشتہ ماہ میں بہت سے احباب نے وی۔پی رکوا کر اور کئی ایک نے واپس کر کے قیمت کی ادائیگی جلسہ سالانہ پر ملتوی کر دی۔ لیکن یہ طریق تکلیف دہ ہے۔ "الفضل" کو روزمرہ کے اخراجات پورا کرنے کے لئے روپیہ کی سخت ضرورت ہے اور اگر دوست اس طرح ادائیگی ملتوی کرتے رہیں۔ تو کام چلانا بہت مشکل ہو جائیگا۔ پس جن خریداروں کے نام اس پرچہ میں درج ہیں۔ ان سے التماس ہے کہ وی پی ضرور وصول فرمالیں۔ اور قیمت کو جلسے تک ملتوی نہ کریں۔ مینیجر

278

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الفضل
قادیان دارالامان مورخہ ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ

تحریکِ اصلاحِ نفس کے متعلق آخری یاددہانی

از حضرت میرزا بشیر احمد صاحب ایم اے ناظر تعلیم و تربیت

میں نے اس رمضان مبارک کے ابتدا میں احباب سے ایک تحریک اصلاحِ نفس کے متعلق کی تھی۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک ارشاد کی روشنی میں احباب سے اپیل کی تھی۔ کہ وہ اس رمضان میں اپنی کسی ایک یا ایک سے زیادہ کمزوری کے دور کرنے کا خدا سے عہد کریں۔ اور پھر خدا سے مدد چاہتے ہوئے اس عزم کے ساتھ اس عہد پر قائم ہوں۔ کہ کوئی دنیا کی طاقت انہیں اس ارادے سے ہٹا نہ سکے۔ مجھے خوشی ہے۔ کہ آج کی تاریخ تک جو رمضان کی بائیس تاریخ ہے۔ دو سو نواسی (۲۸۹) احباب اس تحریک میں حصہ لے چکے ہیں۔ اور میں اپنے وعدہ کے مطابق ان دوستوں کے نام دعا کی تحریک کے ساتھ ہر روز حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالےٰ ان دوستوں کا حافظ و ناصر ہو۔ اور انہیں ان کے مبارک مقاصد اور ارادوں میں کامیاب فرمائے۔ آمین

اب چونکہ رمضان کے آخری ایام ہیں۔ اس لئے میں یہ آخری یاددہانی شائع کر کے احباب سے اپیل کرتا ہوں کہ جن دوستوں نے کسی وجہ سے ابھی تک اس تحریک کی طرف توجہ نہیں کی۔ وہ اب بھی اس میں شامل ہو کر اصلاح نفس اور حصول ثواب کے موقعہ سے فائدہ اٹھائیں۔ اور رضائے الٰہی کی جستجو میں سستی اور بے توجہی سے کام نہ لیں۔

دوسری بات اس ضمن میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ بعض دوستوں نے غالباً اس تحریک کی غرض و غایت۔ اور حقیقت کو نہیں سمجھا۔ کیونکہ متعدد دوستوں نے اپنے خطوط میں اس قسم کے الفاظ لکھے ہیں۔ کہ ہم اپنی جملہ کمزوریوں کو ترک کرنے کا عہد کرتے ہیں۔ یہ ارادہ اور یہ خواہش مبارک ہے۔ مگر جو تحریک اس وقت کی گئی ہے۔ اس کا منشا یہ ہے۔ کہ دوست اپنی کسی معین اور مخصوص کمزوری یا کمزوریوں کو سامنے رکھ کر ان کے متعلق خدا سے عہد کریں۔ کہ آئندہ وہ اُن سے مجتنب رہیں گے۔ تاکہ اصلاحِ نفس کے ساتھ محاسبۂ نفس کی بھی عادت پیدا ہو۔ محض عمومی رنگ میں ساری کمزوریوں کے ترک کا ارادہ نیک ارادہ تو ضرور سمجھا جائے گا۔ مگر وہ اس تحریک کے ماتحت نہیں آسکتا۔ جو اس وقت کی گئی ہے۔ دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں۔ یہ ہے۔ کہ بعض دوستوں نے اپنے خطوں میں باوجود منع کرنے کے اپنی کمزوریوں کا ذکر کر دیا ہے۔ یعنی یہ کہ ہم فلاں فلاں کمزوری سے مجتنب رہیں گے۔ یہ نہ صرف اعلان کے خلاف ہے۔ بلکہ جائز بھی نہیں ہے۔ کیونکہ جس کمزوری کو خدا نے اپنے پردۂ ستاری کے نیچے چھپایا ہوا ہے۔ اسے ظاہر کرنا خدا کے فضل کی ناشکری ہے۔ پس دوست آئندہ اس قسم کے اظہار سے مجتنب رہیں۔ البتہ ایسی کمزوریوں کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ جن میں ستاری کا سوال پیدا نہیں ہوتا مثلاً حقہ نوشی۔ یا داڑھی منڈانا وغیرہ۔

اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں ان جماعتوں کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ جنہوں نے من حیث الجماعت اس تحریک میں دلچسپی لی ہے۔ اور اپنے اپنے حلقوں میں تحریک کر کے متعامی دوستوں کو آمادہ کیا ہے۔ کہ وہ اس تحریک میں حصہ لیں۔ ان جماعتوں کے نام یہ ہیں:-

(۱) جماعت احمدیہ یادگیر حیدر آباد دکن (۲) جماعت احمدیہ کراچی۔ (۳) جماعت احمدیہ جمشید پور (۴) جماعت احمدیہ ننگہ ضلع جالندھر (۵) جماعت احمدیہ کھاریاں ضلع گجرات۔ (۶) جماعت احمدیہ مزنگ لاہور (۷) جماعت احمدیہ لالہ موسٰے ضلع گجرات (۸) جماعت احمدیہ سرائے نورنگ ضلع بنوں۔

فجزاھم اللہ خیراً وکان اللہ معھم

احرار کی شاندار پسپائی اور بے نظیر جوانمردی

گزشتہ ہفتہ مسٹر مظہر علی جنرل سکرٹری احرار نے چند اشخاص کے نام لے کر یہ چیلنج دیا تھا۔ کہ اگر وہ بھی میدان میں نکلیں۔ تو مسٹر موصوف مع اپنے بیٹے کے مسجد شہید گنج واگزار کرانے کے لئے سول نافرمانی کریں گے۔ حتیٰ کہ اگر گولیوں کے آگے جانا پڑا۔ تو سب سے آگے وہ اور ان کا بیٹا ہوں گے۔ اور اس کے لئے ایک ہفتہ کی مہلت مقرر کی تھی۔ پھر اس اعلان کو احرار نے اس قدر اہمیت دی۔ کہ بالفاظ "احسان" "مسٹر موصوف کے گلے میں ہار ڈالے۔ زندہ باد کے نعرے لگائے۔ جلوس بنا کر شاہی مسجد سے نکلے۔ اور ہیرا منڈی بازار۔ بازار ہٹہ۔ ڈبی بازار۔ کشمیری بازار اور دہلی دروازہ میں سے گزرتے ہوئے اس طریق سے احرار کے دفتر میں پہنچے۔ کہ گویا انہوں نے اپنے حریف کو پچھاڑ کر لیڈری کا کھویا ہوا میدان از سر نو فتح کر لیا ہے"

لیکن جب یہ چیلنج منظور کر لیا گیا۔ اور مسٹر مظہر علی سے کہا گیا۔ کہ آیئے۔ مسجد شہید گنج کے حصول کے لئے سول نافرمانی میں ہماری راہ نمائی کیجئے۔ تو وہ لگے بغلیں جھانکنے۔ آخر بڑی مشکل سے انہوں نے یہ جواب دیا۔ کہ "مجھے سوچنے کے لئے وقت دو۔ تاکہ میں گھر والوں سے۔ میاں فیروز الدین سے۔ اخبارات کے اڈیٹروں سے اور قوم کے ذمہ وار لیڈروں سے پوچھ لوں۔ اور پھر قدم اٹھاؤں"

پھر کہا: "آئندہ جمعہ کو اگر مولانا ظفر علی خان یہاں تشریف لا کر کہیں۔ کہ میں اس تحریک کی ذمہ واری لیتا ہوں۔ تو میں ان کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کرتے ہوئے کہوں گا کہ میں تعمیل کے لئے حاضر ہوں۔ بشرطیکہ وہ یقین دلا دیں۔ کہ نہ گولی چلے گی۔ اور نہ خون بہے گا۔ بغیر کسی نقصان جان کے حصول مقصد میں کامیابی ہو گی۔ اگر وہ تشریف نہ لائے۔ تو میں یہ نہیں کہتا۔ کہ میں کام نہیں کرتا۔ اس کے بعد جو مناسب سمجھوں گا۔ کروں گا"

کہاں تو وہ شورہ پشتی۔ کہ ایک ہفتہ کے اندر سول نافرمانی کرنے کے اعلان کئے جا رہے۔ اور جلوس نکالے جا رہے ہیں۔ اور کہاں یہ بے بسی۔ کہ گھر سے مشورہ کرنے کے علاوہ یہ شرط پیش کی جا رہی ہے۔ کہ اگر کوئی یقین دلا دے۔ کہ بغیر کسی نقصان جان کے۔ بلکہ بغیر خون کا قطرہ بہنے کے مسجد حاصل ہو جائے گی۔ تو مسٹر مظہر علی مع اپنے فرزند ارجمند کے سب سے پہلی صف میں کھڑے ہونے کے لئے تیار ہیں۔

پھر یہ اعلان اپنی انفرادی حیثیت سے نہیں۔ بلکہ مجلس احرار کی طرف سے کر رہے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ اسلام اور قوم کے لئے سر فروشی اور جان نثاری کی جو ڈینگیں احرار مارا کرتے ہیں۔ ان کی کیا حقیقت ہے۔ اور وہ کس قدر بہادر اور جری ہیں۔ اگر حصولِ مسجد شہید گنج کا یہی طریق ہے۔ جو انہوں نے تجویز کیا ہے۔ تو وہ یہ اعلان کیوں نہیں کر دیتے۔ کہ وہ تمام دنیا کو فتح کر لینے کے لئے بالکل آمادہ و تیار ہیں۔ بشرطیکہ انہیں کانٹا تک نہ چبھے۔ احرار کی یہ شاندار پسپائی اور بے نظیر جوانمردی [illegible]

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزہ رضاءِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ کیونکر بن سکتا ہے

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ کی رضا اس کے احکام کی تعمیل کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے۔ جہاں الٰہی ارشاد ہو۔ کہ ایسا کرو۔ وہاں اس امر کے کرنے اور امتثال میں خدا کی رضامندی ہے۔ اور جہاں اللہ تعالےٰ کی طرف سے نہی وارد ہو۔ وہاں نہ کرنے اور رک جانے میں اس کی خوشنودی ہے۔ ایک سچے مسلم کے لئے یہی اسلامی تعلیم ہے۔ کہ وہ اللہ تعالےٰ کی مرضی اور اس کے منشاء کے مطابق کام کرے۔ نعم ما قال المسیح الموعودؑ نیہ ؎

اسلام چیز کیا ہے خدا کے لئے فنا
ترکِ رضائے خویش پئے مرضیِ خدا

مگر بعض نادان اللہ تعالےٰ کو زبردستی خوش کرنا چاہتے ہیں۔ وہ خدا کے امر اور نہی کا خیال نہیں رکھتے۔ بلکہ اپنی مرضی کے مطابق کام کر کے اسے خوش کرنا چاہتے ہیں۔ وہ شائد خیال کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ اپنے بندے کو تکلیف میں دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ کو کسی کا تکلیف میں پڑنا یا خوشحالی میں زندگی بسر کرنا خوش نہیں کرتا۔ اسے خوش کرنے والی چیز تو یہ ہے۔ کہ اس کے احکام کو بندہ کس طرح بجا لاتا ہے۔ اور اس کے احکام کی کیونکر تعمیل ہوتی ہے۔ رمضان المبارک کے روزے الٰہی فرائض میں سے ایک فریضہ ہیں۔ جن کے متعلق ارشاد باری ہے۔ کہ فمن شھد منکم الشھر فلیصمہ ومن کان مریضاً او علیٰ سفرٍ فعدۃٌ من ایّامٍ اُخر۔ (البقرہ) یعنے جو شخص صحت کی حالت میں ہو۔ اس پر رمضان کے روزے رکھنا فرض ہے۔ ہاں جو بیمار یا مسافر ہو۔ وہ دوسرے دنوں میں روزے رکھے ؂

یہ الٰہی ہدائت بالکل واضح ہے جو ہر مسلم کو رمضان المبارک کے روزے رکھنے کی تلقین کرتی ہے ہاں جو مریض یا مسافر ہو اسے اور دنوں میں روزے رکھنے کی اجازت دیتی ہے۔ مگر ہمارے ملک میں بعض لوگوں نے افراط اور تفریط کی راہ اختیار کر رکھی ہے۔ بعض تو باوجود اہل ہونے کے خدا کے اس فریضہ کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ اور یونہی سارا رمضان گزار دیتے ہیں۔ اور بعض سفر میں بھی روزہ نہیں چھوڑتے۔ بلکہ سفر میں روزہ نہ رکھنے والوں کو برا بھلا کہنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ اگر اسلامی ہدائت کو دیکھا جائے۔ تو دونوں فریق کا غلطی پر ہونا ثابت ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روائت کرتے ہیں کہ جو شخص رمضان کا ایک روزہ بغیر کسی رخصت اور بیماری کے چھوڑتا ہے اس کے ہمیشہ ہمیش کے روزے بھی اس کی تلافی نہ کر سکیں گے۔ اب وہ لوگ جو بلا عذر شرعی روزے نہیں رکھتے۔ اندازہ لگائیں کہ روزہ نہ رکھنا اللہ اور اس کے رسول کی کتنی بڑی نافرمانی ہے۔ اور کتنا بڑا گناہ ہے۔ اب سفر میں روزہ رکھنے والوں کے متعلق دیکھیں۔ بخاری اور مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روائت کرتے ہیں کہ آپ ایک سفر میں تھے۔ کہ آپ نے لوگوں کا ایک اجتماع اور اژدہام دیکھا۔ انہوں نے ایک شخص پر سایہ کیا ہوا تھا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا یہ کیا ہے۔ عرض کی گیا۔ کہ روزہ دار ہے۔ آپ نے فرمایا لیس من البرّ الصوم فی السفر۔ کہ سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔ اسی طرح حضرت جابرؓ سے روائت ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ کی طرف رمضان میں نکلے۔ آپ نے روزہ رکھا ہوا تھا۔ اور صحابہ نے بھی روزے رکھے ہوئے تھے۔ جب آپ کراع الغمیم جگہ پر پہونچے (یہ جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے۔ اور عسفان سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔) تو تمام لوگوں کو پانی کا برتن دکھا کر آپ نے روزہ افطار فرمایا۔ اس کے بعد آپ کو جب بتایا گیا۔ کہ بعض لوگوں نے روزہ نہیں کھولا۔ تو آپ نے دو دفعہ فرمایا۔ اولٰئک العصاۃ اولٰئک العصاۃ یعنے یہ لوگ نافرمان ہیں۔ یہ لوگ نافرمان ہیں ؂

پھر ابن ماجہ میں عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے روائت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے فرمایا۔ صائم رمضان فی السفر کالمفطر فی الحضر۔ کہ سفر کی حالت میں روزہ رکھنے والا ایسا ہی ہے جیسا حضر میں روزہ نہ رکھنے والا۔ پس دونوں قسم کی احادیث بتاتی ہیں۔ کہ جو شخص بغیر عذر کے روزہ ترک کرتا ہے۔ وہ بھی غلط کار اور سخت گنہگار ہے۔ اور جو سفر میں روزہ اختیار کرتا ہے۔ وہ بھی کوئی نیکی نہیں کرتا۔ بلکہ خدا کی رخصت سے فائدہ نہ اٹھا کر اپنے آپکو تکلیف میں ڈالتا ہے۔

بے شک روزہ ایک قربانی اور نیکی ہے۔ کیونکہ خدا کے حکم کے ماتحت انسان کھانے پینے اور بیوی سے الگ ہو جاتا ہے۔ گویا وہ اشیاء جن پر انسان کی بقاء شخصی اور بقاء نوعی موقوف ہے۔ ان کو خدا کی رضا کے حصول کے لئے چھوڑ دیتا ہے۔ مگر یہ قربانی اور نیکی اسی صورت میں قربانی اور نیکی ہے۔ کہ خدا کی مرضی اور اس کے حکم کے ماتحت ہو۔ اگر خدا کی مرضی کے ماتحت نہ ہو۔ بلکہ اپنی مرضی کے ماتحت ہو تو کوئی نیکی نہیں ؂

مریض اور مسافر ہونے کی صورت میں دوسرے دنوں میں روزہ رکھنے کی جو ہدائت ہے دراصل اس میں بھی بندہ کا امتحان ہے۔ خدا تعالےٰ دیکھنا چاہتا ہے۔ کہ میرا بندہ میرے حکم کو کس طور پر بجا لاتا ہے بسا اوقات دیکھا جاتا ہے۔ کہ ایک بیمار اور مسافر بھی روزہ رکھ لیتا ہے۔ اور خیال کرتا ہے۔ کہ اگر میں نے اب روزہ نہ رکھا تو پھر دوسرے دنوں میں شائد روزہ نہ رکھ جا سکے۔ گویا وہ اپنی تکلیف سے بچنے کے لئے خدا کی مرضی کو مؤخر کر دیتا ہے۔ حالانکہ یہی تو اس کے امتحان کا وقت تھا۔ سچا مومن ایسے وقت میں خدا تعالےٰ کی مرضی کو مقدم کرتا ہے اور جس طرح الٰہی فرمان ہوتا ہے۔ اس کے مطابق کام کر کے ثواب کا حقدار ہوتا ہے۔ مگر ایک دنیا دار شخص جو خدا کے احکام کو چٹی خیال کرتا ہے وہ اپنی مرضی کو مقدم کرتا ہوا سفر اور بیماری کی حالت میں بھی روزہ رکھ لیتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ یہ کیا سفر ہے اور یہ کیا بیماری ہے۔ اور خیال نہیں کرتا۔ کہ خدا کا قانون تو تمام بنی آدم کے لئے ہے۔ اور بنی آدم میں مختلف طاقتوں کے لوگ ہیں۔ جن کو ملحوظ رکھ کر قانون بنایا گیا ہے ؂

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی اسی اسلامی ہدائت کے ماتحت اپنے سفروں میں روزہ ترک فرمایا۔ جس پر آج تک بعض نادان اعتراض کرتے چلے آتے ہیں۔ تعجب ہے۔ کہ وہ بات جو اللہ تعالےٰ کی خوشنودی کا باعث ہے۔ اور جسے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اختیار کیا۔ وہ بھی مخالفین کی نظر میں قابل اعتراض ٹھہری۔ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا ہے ؎

ہنر بچشم عداوت بزرگ تر عیب است
گل است سعدی و در چشم دشمناں خار است

خاکسار قمر الدین مولوی فاضل قادیان

279

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی اولوالعزمی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قدرت کا زبردست ہاتھ

یہ ایک ثابت شدہ حقیقت ہے۔ کہ انبیاء علیہم السلام کی پاکیزہ جماعتوں کو من حیث الجماعت ان تمام مشکلات و معضلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ جو خدائے عزوجل کی طرف سے ان کے امتحان و ابتلاء کے لئے مقدر ہوتی ہیں۔ مصائب و نوائب کی مہیب آندھیاں اور خطرناک طوفان اس کثرت سے ان پر وارد ہوتے ہیں۔ کہ وُہ بے اختیار پکار اٹھتے ہیں۔ متیٰ نصر اللہ۔ یعنی الٰہی ہم پر ابتلاؤں کی انتہا ہو گئی۔ مظالم نے ہم کو ہر چہار اطراف سے گھیر لیا۔ تیری مدد اور نصرت۔ جس کا ہم سے وعدہ ہے۔ کب نازل ہو گی۔ تب وُہ خدا۔ ہاں وہ غیور آقا۔ جو ابتدائے عالم سے اپنے پیاروں اور جاں نثاروں کی پشت پناہ چلا آیا ہے۔ اور ان کے مخالفین و منکرین کو ذلیل و رسوا کرنے کے لئے اپنی قہری تجلیات کو پُوری شوکت اور جلال سے ظاہر کرتا رہا ہے اس کی غیرت جوش میں آتی ہے۔ وہ ان کے لئے آسمانی نشان بھی دکھاتا ہے اور زمینی بھی آفاقی بھی۔ اور انفسی بھی تا وہ جو خواب غفلت میں مدہوش پڑے ہیں۔ بیدار ہوں۔ اور وہ جو کورانہ تقلید اور غلط و مسموم پراپیگنڈا کے شکار ہیں۔ خدائی آواز کو سنیں۔ اور دیکھیں۔ کہ وُہ عظیم الشان وجود جس کی تخریب و استیصال کے لئے دُنیا کی تمام متحدہ طاقتوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ اور اپنے مذموم افعال کو انتہا تک پہونچا دیا۔ خدا تعالیٰ کس طرح اپنی حیرت انگیز تجلیات اور ایمان افروز نشانات کے ساتھ اس کی مدد کرتا ہے اور اس کے خلاف منصوبے کرنے والے کس طرح ذلیل و رسوا ہوتے ہیں۔

کفر کی متحدہ کوشش

سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تاریخ بتاتی ہے کہ خدا تعالیٰ نے بظاہر صورت جماعت احمدیہ کے لئے خطرناک ابتلاؤں۔ اور فتنوں کا باب کھول دیا۔ اور تمام جماعت پر مصائب و تکالیف اپنی بھیانک اور کریہہ صورتوں میں حملہ آور ہوئیں۔ اگر ایک وقت احرار نے اپنے تمام ساز و سامان کے ساتھ متواصل طاغوتی کوششیں روا رکھیں۔ اور اس مقدس سلسلہ کو نیست و نابود کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا۔ تو حکومت کے بعض افسروں نے بھی ان کی پیٹھ ٹھونکی۔ اور ہر ممکن امداد پہونچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔ پھر اہل پیغام جو ہمارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دیرینہ حاسد ہیں۔ جن کی آنکھوں میں حضور کی ہر ترقی۔ ہر عروج۔ اور ہر بلندی خار بن کر کھٹکتی رہتی ہے۔ انہوں نے بھی اس موقعہ کو غنیمت جانا۔ اور اپنی تمام تر مساعی کو تخریب احمدیت میں صرف کر دیا۔ بلکہ اپنے دوسرے بھائی بندوں کو بھی اس کی ترغیب دی۔ غرضکہ تمام خفیہ طاقتیں بیدار ہو گئیں۔ اور سب نے مل کر کہا۔ آؤ۔ اس شرذمۂ قلیلہ کو دم بھر میں مٹا دیں۔ چنانچہ انہوں نے اس کے استیصال کے لئے جان توڑ کوششیں کیں۔ یہاں تک کہ الکفر ملۃ واحدۃ کا ایک نظارہ دُنیا کے سامنے پیش کر دیا۔ اور سمجھا۔ کہ شاید اب تو اس چھوٹی سی جماعت کا نام و نشان صفحۂ ہستی پر کسی کو نظر نہ آئے گا۔ پھر حال کا فتنہ جو پورے اقتدار اور مزورانہ چالوں سے ایک سیاسی رنگ میں رونما ہوا۔ اپنے اندر جماعت کے لئے کچھ کم ہیجان کا سامان نہ رکھتا تھا۔

غرضکہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی خلافت کے زمانہ میں ہمیں کئی ایسے واقعات نظر آتے ہیں۔ جو اس حقیقت کے آئینہ دار ہیں۔ کہ اگر کسی وقت کسی مخالف گروہ نے جماعت احمدیہ کی مخالفت کی ٹھانی اور حقد و عناد سے مسموم تیر چلائے۔ تو باقی مخالف انجمنوں۔ سوسائیٹیوں۔ مجلسوں۔ اور گروہوں نے بھی اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی بلند ہمتی

لیکن ہزار رحمتیں اس مقدس وجود پر اس " اولوالعزم " ہستی پر۔ اس " مسیحی نفس " اس " جلال الٰہی " کے مظہر پر۔ ہاں اس " نور " پر جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا۔ جس کو خدا کی رحمت غیوری نے اپنے کلمۂ تمجید سے بھیجا۔ ہاں اس پر جس کو اس نے " صاحب شکوہ و عظمت " بنایا۔ اور جس نے " روح الحق " کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کیا۔ کہ وُہ " خدا کے فضل۔ اور رحم کے ساتھ " " خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ " اپنی جلالی شان میں کہتا ہوا اٹھا۔ اور ان تمام فتنوں میں اس نے اس عظیم الشان اولوالعزمی کا ثبوت دیا۔ جس کی کوئی اور مثال اس زمانہ میں ملنی محال ہے۔ آپ نے اگر ایک طرف محبوب حقیقی کی عطا کردہ عظیم الشان قوتوں کے ماتحت تمام جماعت کے قلوب کو اپنی مٹھی میں لے لیا۔ اور ان کے لئے تسلی اور تسکین کا سامان مہیا کیا۔ انکو ہر قسم کے مصائب و تکالیف برداشت کرنے کے لئے تیار کیا۔ تو دوسری طرف مخالفین سلسلہ کے سامنے اپنی بلند ترین اخلاقی وسعت کا وہ نمونہ پیش کیا۔ کہ ہر طرف سے مرحبا کی آوازیں آنے لگیں۔ اور حقیقت میں یہ آپ ہی کا حصہ تھا۔ اور آپ کے ہی عدیم المثال تدبر۔ اور روحانی طاقت نے ہر دشمن اور ہر حملہ آور کو ناکام و نامراد رکھا۔ حضور نے ہر مشکل کے وقت ہماری مشکل کشائی کی۔ ہر تکلیف کے وقت ہمیں تسکین دی ہر زخم پر مرہم لگائی۔ اور ہر ابتلاء کے وقت ہمارے لئے رحمت و برکت کا نشان بنے ؎

خدا تعالیٰ کی عظیم الشان طاقتوں کا نظارہ

غرض جب گزشتہ ۲۳ سالہ دورِ خلافت ثانیہ کے کوائف پر نظر ڈالی جائے تو قدم قدم پر مخالفین کے مقابل خدا تعالیٰ کی عظیم الشان قوتوں۔ اس کی ربوبیت کے خزانہ کی وسعتوں۔ اور انعامات کے بحر بیکراں کی پہنائیوں کا نقشہ آنکھوں کے سامنے کھنچ جاتا ہے۔ اور حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اولوالعزمی ایک زندہ اور پُرشوکت صورت میں ہماری آنکھوں کے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔ اس انسان کی اولوالعزمی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ جو مسند خلافت پر متمکن ہونے کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد جبکہ ہر طرف سے مخالفت کے طوفان اُمڈے چلے آ رہے تھے۔ یہ اعلان فرما چکا ہے۔ کہ:-

" مجھے انسانوں کے خیالات کی پروا نہیں۔ خدا تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔ کہ وُہ مجھے کامیاب کرے گا۔ پس میں اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ کامیاب ہونگا۔ اور میرا دُشمن مجھ پر غالب نہ آ سکیگا۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنی پوشیدہ در پوشیدہ حکمتوں کے ماتحت جن کو میں خود بھی نہیں سمجھتا۔ ایک پہاڑ بنایا ہے پس وُہ جو مجھ سے ٹکراتا ہے۔ اپنا سر پھوڑتا ہے۔ میں نالائق ہوں۔ اس سے مجھے انکار نہیں۔ میں کم علم ہوں۔ اس سے میں ناواقف نہیں۔ میں گنہگار ہوں۔ اس کا مجھے اقرار ہے۔ میں کمزور ہوں اس کو میں مانتا ہوں۔ لیکن میں کیا کروں۔ کہ میرے خلیفہ بنانے میں خدا تعالیٰ نے مجھ سے نہیں پوچھا۔ اور نہ وُہ اپنے کاموں میں میرے مشورہ کا محتاج ہے۔ میں اپنے ضعف کو دیکھ کر خود حیران ہو جاتا ہوں۔ کہ خدا تعالیٰ نے مجھے کیوں چنا۔ اور میں اپنے نفس کے اندر ایک بھی ایسی خوبی نہیں پاتا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جس کی وجہ سے میں اللہ تعالےٰ کے احسان کا مستحق سمجھا گیا۔ مگر باوجود اس کے اس میں کوئی شک نہیں کہ مجھے اللہ تعالےٰ نے اس کام پر مقرر فرمادیا ہے۔ اور وہ میری ان راہوں سے مدد فرماتا ہے۔ جو میرے ذہن میں بھی نہیں ہوتیں۔ جب کل اسباب میرے برخلاف تھے۔ جب جماعت کے بڑے بڑے لوگ میرے خلاف اعلان کر رہے تھے۔ اور جن کو لوگ بڑا خیال کرتے تھے۔ وہ سب میرے گرانے کے درپے تھے۔ اس وقت میں حیران تھا لیکن سب کچھ میرا رب آپ کر رہا تھا اس نے مجھے اطلاعیں دیں۔ اور وہ اپنے وقت میں پوری ہوئیں اور میرے دل کو تسلی دینے کے لئے نشان پر نشان دکھایا۔ امور غیبیہ سے مجھے اطلاع دیکر اس بات کو پایۂ ثبوت کو پہونچایا۔ کہ جس کام پر میں کھڑا کیا گیا ہوں۔ وہ اس کی طرف سے ہے"۔

(القول الفصل صفحہ ۵۷)

اس کے بعد ہر موقعہ پر آپ نے اس کا عملی ثبوت دنیا کے سامنے پیش فرمایا۔ اور خداتعالےٰ نے محض اپنے فضل سے ہر میدان میں آپ کو کامیابی عطا کی۔ ہزاروں مخالفتوں کے باوجود آپ کے مقاصد کو پورا فرمایا۔ اور روز بروز آپ پر اپنی جان و مال نثار کرنے والوں میں اضافہ کیا۔

خاکسار۔ ملک نذیر احمد ریاض مولوی فاضل

ضروری اعلان

نظارت تالیف و تصنیف کی تجویز ہے کہ امسال جلسہ سالانہ سے پہلے ۲۱ دسمبر سے ۲۵ دسمبر تک روزانہ ذکر حبیب کے جلسے منعقد کئے جائیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ ان جلسوں میں حضور علیہ السلام کے حالات و واقعات سنائیں گے پس جو صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اس تعلق میں تقریر کرنے کے لئے تیار ہوں۔ وہ براہ مہربانی بہت جلد نظارت ہذا کو مطلع فرمائیں۔ یہ بھی تحریر فرمائیں۔ کہ وہ کس تاریخ کو یہ تقریر فرماسکیں گے۔ تاکہ اس کے مطابق پروگرام مرتب کیا جاسکے۔ اوسطاً فی تقریر نصف گھنٹہ کی ہوگی۔ مگر حسب ضرورت کم یا زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔ ناظر تالیف و تصنیف قادیان

خریداران "الفضل" جن کو وی پی ہوں گے

وی پی ۵ دسمبر کو ڈاکخانہ میں دیدئے جائینگے

جن خریداروں کا چندہ ۲۱ نومبر سے ۲۰ دسمبر ۱۹۳۷ء تک کسی تاریخ کو ختم ہوتا ہے۔ ان کے اسماء گرامی ذیل میں درج ہیں۔ ان سب کے نام سوائے ان کے جن کی طرف سے ۵ دسمبر ۱۹۳۷ء سے قبل رقم یا اطلاع مل جائے گی۔ وی۔ پی کر دیئے جائیں گے۔ اور ان کو وصول کرنا اخلاقاً ان کا فرض ہوگا۔ وی۔ پی واپس کرنے والوں کے نام حسب قواعد اخبار بند کر دیا جائے گا:

۱۲۹ - حکیم محمد قاسم صاحب
۱۶۱ - پیر حاجی احمد صاحب
۳۶۲ - بابو عبد الغفور صاحب
۳۷۷ - محمد امیر صاحب
۶۴۹ - مولوی محمد الدین صاحب
۱۰۵۱ - ماسٹر محمد پریل صاحب
۱۰۵۳ - حاجی محمد نذیر صاحب
۱۳۲۶ - ایم محمد رفیع صاحب
۱۳۳۲ - حکیم عبد الرحمٰن صاحب
۱۶۱۴ - مولوی محمد الیاس الدین صاحب
۱۶۲۹ - محمد عبد المجید صاحب
۱۷۱۷ - چودہری بشارت علی خانصاحب
۲۱۷۲ - رحیم اللہ صاحب
۲۱۷۴ - میر کلیم اللہ صاحب
۲۲۷۶ - محمد عبد الرشید صاحب
۲۴۹۸ - عنائت حسین خانصاحب
۲۷۷۰ - میر امام بخش صاحب
۲۷۸۸ - چودہری فضل احمد صاحب
۲۹۸۵ - چودہری غلام نبی صاحب
۳۱۵۸ - شیخ عبد المالک صاحب
۳۴۷۳ - ہدائت اللہ صاحب
۳۴۸۶ - سید احمد صاحب وکیل
۴۰۱۶ - شیخ فضل الرحمٰن صاحب اختر
۴۱۲۰ - بابو غلام حسین صاحب
۴۴۰۵ - ملک محمد حنیف صاحب
۴۴۱۶ - محمد حسین صاحب
۴۴۵۰ - منشی محمد عبد اللہ صاحب
۴۵۳۰ - خدا بخش صاحب
۴۶۲۴ - خیر الدین سراج صاحب
۴۷۰۶ - چودہری محمد حسین صاحب
۴۷۱۰ - غلام نبی صاحب
۴۷۵۹ - حافظ عبد السلام صاحب
۴۸۸۵ - ڈاکٹر عبد الکریم صاحب

۵۲۳۱ - چودہری محمد بخش صاحب
۵۲۶۵ - رحیم بخش صاحب
۵۲۷۷ - بابو اعجاز حسین صاحب
۵۳۱۶ - خلیل شاہ صاحب
۵۵۰۰ - ملک خدایار صاحب
۵۶۴۹ - منشی اللہ دتا صاحب
۵۶۸۲ - عبد الشکور صاحب
۵۶۹۴ - مولوی نور محمد صاحب
۵۸۵۹ - شیخ غلام علی صاحب
۶۷۶۷ - بابو احمد اللہ خانصاحب
۶۹۰۳ - اے۔ ایچ حلیم صاحب
۶۹۳۲ - میر عبد الرحمٰن صاحب
۷۱۲۱ - محمد حسین خانصاحب
۷۱۵۰ - چودہری عنائت اللہ خانصاحب
۷۱۶۰ - ایم مصاحب خانصاحب
۷۱۸۳ - کریم بخش صاحب
۷۲۱۴ - محمد عبد السمیع صاحب
۷۲۲۲ - موسےٰ رضا صاحب
۷۵۴۶ - محمد یعقوب صاحب
۷۷۸۶ - سیٹھ شیخ حسن صاحب
۷۷۸۷ - عطار اللہ صاحب بی اے
۷۷۸۸ - حکیم فضل الدین صاحب
۷۸۳۴ - مولوی قدرت اللہ صاحب
۷۸۵۸ - ملک گل محمد صاحب
۷۹۰۰ - ڈاکٹر محمد الدین صاحب
۸۰۴۹ - محمد ابراہیم صاحب
۸۱۵۰ - منشی غلام محمد صاحب
۸۳۳۹ - ایم۔ کے یوسف صاحب
۸۳۶۸ - محمد شفیع صاحب
۸۳۷۰ - عبد الرزاق صاحب
۸۴۴۲ - منیجر صاحب احمدیہ فرنیچر سٹور
۸۵۰۹ - محمد اکمل صاحب
۸۷۲۰ - بابو محمد منیر صاحب

۸۷۵۵ - چودہری کریم بخش صاحب
۸۷۶۴ - رکن الدین صاحب
۸۸۴۵ - عبد الرحیم صاحب
۸۸۸۱ - چودہری غلام محمد صاحب بی۔ اے
۸۸۸۶ - چودہری فقیر محمد صاحب
۸۹۹۶ - سید محبوب عالم صاحب
۹۰۲۰ - محمد الدین صاحب
۹۰۴۲ - چودہری فتح خانصاحب
۹۰۹۲ - ایم۔ اے جلیل فیض صاحب
۹۱۰۴ - عنائت اللہ صاحب
۹۲۰۲ - سردار فیض اللہ خانصاحب
۹۲۱۱ - غلام محمد صاحب
۹۲۴۷ - بابو عطار اللہ صاحب
۹۲۷۸ - ملک غلام رسول صاحب
۹۳۰۹ - قمر الدین صاحب
۹۳۱۰ - شیخ احمد صاحب
۹۳۵۲ - بشیر احمد صاحب
۹۴۴۳ - محمد صاحب حکیم
۹۵۱۳ - چودہری غلام حسین صاحب
۹۵۶۹ - محمد حسین صاحب
۹۶۰۱ - شیخ اقبال الدین صاحب
۹۶۰۹ - محمد احمد ناصر صاحب
۹۶۲۱ - بشیر محمد خانصاحب
۹۶۲۲ - لفٹننٹ ہادی خانصاحب
۹۶۳۴ - ڈاکٹر عبد المجید خانصاحب
۹۶۴۶ - سردار محمد نواز خانصاحب
۹۶۶۹ - میاں اللہ رکھا صاحب
۹۷۰۹ - خان ظفر الحق خانصاحب
۹۸۰۳ - سید رسول شاہ صاحب
۹۸۹۳ - منشی کریم الدین صاحب
۹۸۹۸ - منشی عبد اللہ صاحب
۹۹۳۸ - لال محمد صاحب
۹۹۴۴ - چودہری خانصاحب

۹۹۶۵ - محمد صدیق صاحب
۱۰۰۱۳ - مولوی غلام حسین صاحب
۱۰۰۲۳ - مرزا مراد بیگ صاحب
۱۰۰۳۷ - چودہری محمد شریف صاحب
۱۰۰۴۸ - محمد عبد اللہ صاحب
۱۰۰۶۶ - شیخ مختار نبی صاحب
۱۰۱۳۲ - ملک حسن خان صاحب
۱۰۱۷۷ - پریذیڈنٹ صاحب
۱۰۱۹۴ - مبارک احمد صاحب
۱۰۲۰۷ - شیخ محمد خورشید صاحب
۱۰۲۴۹ - ایم یعقوب صاحب
۱۰۲۵۱ - چودہری رحمت علی صاحب
۱۰۲۵۸ - ایم۔ عطار محمد صاحب
۱۰۲۶۷ - شیخ اللہ بخش صاحب
۱۰۲۸۹ - غلام مولا خادم صاحب
۱۰۳۰۷ - میر غلام محمد صاحب
۱۰۳۲۴ - محمد شمس الدین صاحب
۱۰۳۳۵ - ایم۔ محمد عمر صاحب
۱۰۳۴۰ - چودہری غلام حید صاحب
۱۰۳۵۱ - صوفی ایم۔ بشیر احمد صاحب
۱۰۳۷۶ - ڈاکٹر مرزا عبد القیوم صاحب
۱۰۴۱۱ - اے۔ لے سنری صاحب
۱۰۴۴۲ - بابو عبد الرزاق صاحب
۱۰۴۵۷ - محمد سعید ارشد صاحب
۱۰۵۵۷ - چودہری محمد منصف صاحب
۱۰۵۶۰ - سردار علی شاہ صاحب
۱۰۵۸۲ - عبد الرحیم صاحب
۱۰۵۹۰ - سیٹھ محمد غوث صاحب
۱۰۵۹۱ - ڈاکٹر محمد رفیع صاحب
۱۰۶۳۲ - راجہ محمد افضل خانصاحب
۱۰۶۴۸ - جمعدار مظفر احمد صاحب
۱۰۶۵۰ - غلام محمد صاحب
۱۰۶۸۴ - نیشنل شو سٹور
۱۰۶۹۳ - خدا بخش صاحب
۱۰۷۶۱ - مولوی غلام نبی صاحب
۱۰۷۷۵ - چودہری غلام رسول صاحب
۱۰۷۷۸ - بابو ولی محمد صاحب
۱۰۸۵۸ - خواجہ محمد اقبال صاحب
۱۰۸۷۵ - محمد شریف صاحب
۱۰۹۰۳ - حکیم مہربان علی صاحب
۱۰۹۲۰ - میر حمید اللہ صاحب
۱۰۹۴۳ - بی۔ اے چغتائی صاحب
۱۰۹۴۴ - چودہری برکت علی صاحب

280
Digitized by Khilafat Library Rabwah

۱۰۹۵۸- عباد اللہ خانصاحب
۱۱۰۴۳- ایس کے عبد الرزاق ″
۱۱۰۵۲- ایس اے منعم صاحب
۱۱۰۶۳- اے ڈی پال صاحب
۱۱۰۷۱- چوہدری مولا بخش صاحب
۱۱۲۵۹- جمعدار فتح الدین ″
۱۱۲۷۹- بابو نذیر احمد خانصاحب
۱۱۲۸۳- محمد رمضان صاحب
۱۱۲۸۹- محمد اعظم صاحب
۱۱۲۹۴- عمر علی صاحب
۱۱۳۱۲- سیٹھ فاضل کرم علی صاحب
۱۱۳۸۰- میاں محمد یوسف صاحب
۱۱۳۹۵- چوہدری محمد عبد اللہ ″
۱۱۳۹۶- محمد حسین صاحب
۱۱۴۱۹- حکیم دین محمد صاحب
۱۱۴۳۴- فتح محمد صاحب شرما
۱۱۵۰۵- چوہدری عزیز احمد صاحب
۱۱۵۰۸- اے حی صاحب
۱۱۵۷۵- محمد حسین صاحب
۱۱۵۸۵- ٹی پی محمد صاحب
۱۱۵۹۷- شیخ محمد نذیر صاحب

۱۱۵۹۹- لفٹیننٹ نذیر احمد صاحب
۱۱۶۰۸- مرزا برکت علی صاحب
۱۱۶۱۴- ارشاد احمد صاحب
۱۱۶۷۵- محمد شریف صاحب
۱۱۶۹۶- احمدیہ ہری مسجد
۱۱۷۰۳- ملک احمد خان صاحب
۱۱۷۰۴- میاں اللہ دتا صاحب
۱۱۷۳۵- شیخ عبد الرحمن صاحب
۱۱۷۴۹- رحیم الدین صاحب
۱۱۷۵۷- چوہدری بدر الدین ″
۱۱۸۱۰- محمد جمشید صاحب
۱۱۸۳۵- سید ولایت حسین ″
۱۱۸۴۳- محمد صادق صاحب
۱۱۸۴۶- ابو الحمید صاحب
۱۱۸۵۲- مستری غلام نبی صاحب
۱۱۸۶۸- میر امان اللہ صاحب
۱۱۸۸۵- محمد نواز صاحب
۱۱۸۴۶- شیخ بشیر الدین صاحب
۱۱۹۰۵- اللہ بخش صاحب
۱۱۹۰۶- عبد الرحیم صاحب
